PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/EVS/2023/513 تاریخ: 27 نومبر 2023

محترم ای وی ایس پارٹنر سکولز،

عنوان: ای وی ایس پارٹنرز سکولوں کو سکول کی شراکت داری کی منسوخی کی درخواست سے متعلق ہدایات

السلام وعلیکم!

بحوالہ سرکلر نمبر PEF/FAS/CIR/07-266 بتاریخ 12 جولائی 2023 تمام پارٹنر سکولز کو تجدید معاہدہ شراکت داری کے نکات کے نفاذ کے بارے میں آگاہ کیا گیا تھا۔ تجدید معاہدہ شراکت داری نکات کے مطابق تمام پارٹنر سکولز کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ:

1. تمام سکول مالکان پر لازم ہے کہ وہ تعلیمی سیشن کی تکمیل کو یقینی طور پر مکمل کریں گے تاکہ طلباء کا تعلیمی ضیاع نہ ہو۔
2. ایسے سکولز مالکان جو اپنی رضامندی سے اپنے سکول کا ای وی ایس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ معاہدہِ شراکت داری منسوخ کرنا چاہتے ہیں پر لازم ہے کہ وہ تین ماہ قبل اس حوالے سے ای وی ایس ڈیپارٹمنٹ کو اپنے فیصلے کے بارے میں اپنے سکول کے لیٹر ہیڈ پر تحریری طور پر آگاہ کریں گے۔ بصورتِ دیگر:

i. پیشگی نوٹس جمع نہ کروانے کی صورت میں، پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ مذکورہ سکول کی تمام ادائیگیوں/بقایا جات/پرفارمنس گارنٹی کے چیک کو ضبط کرنے اور معاہدے کی خلاف ورزی کی نوعیت کی بنیاد پر کارروائی شروع کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

ii. گزشتہ 03 ماہ کی مجموعی ادائیگی کے برابر رقم کی وصولی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

iii. سکول کے معاہدہ شراکت داری منسوخی کے نتیجے میں مذکورہ سکول کسی بھی زیرالتواء واجبات کو 03 ماہ کے اندر ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں، ایسے واجبات قانون، قواعد، پالیسی، SOPs وغیرہ کے مطابق وصول کیے جائیں گے۔

نوٹ: تمام پارٹنر سکولز پر لازم ہے کہ اپنے سکول کو پیف قوانین کے مطابق چلائیں تاکہ کسی بھی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر ای وی ایس
27/11/23

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399